دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ پہلگام میں دہشت گرادنہ حملے کی مذمت کرتا ہے؛ حملے میں جان گنوانے والوں کی یاد میں شجر کاری کر کے جامعہ نے یوم ارض دو ہزار پچیس منایا

New Delhi, April 23, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج باضابطہ اور جذباتی خراج پیش کرتے ہوئے جموں کشمیر کے پہلگام وحشیانہ دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی اور مہلوکین کے اہل خانہ کے لیے گہرے دکھ اور افسوس کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

شعبہ ماحولیاتی سائنس، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ (این آئی ڈی ایم) کے یوم ارض دو ہزار پچیس منانے کے لیے منعقدہ سمپوزیم کے آغاز میں پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دہشت گرادنہ حملے میں مہلوکین کے پسماندگان کو تعزیت پیش کی اور پورے ملک کے ساتھ مل کر مشکل وقت میں امن وآشتی، انسانیت اور رحم دلی کی اپیل کی۔

دہشت گرادنہ حملے میں ہلاک ہونے والوں کی یاد اور ان کے تئیں عزت وتکریم کے اظہار کے لیے پروفیسر آصف، پروفیسر رضوی اور جامعہ اور این آئی ڈی ایم کے دیگر اہل کاروں، معزز مہمانان اور طلبہ نے یونیورسٹی انتظامی بلاک کے سامنے سبزہ زار میں چھبیس درخت لگائے۔کل کے حملے میں جان گنوانے والوں کو عزت وتکریم اور ان کی یاد کو دلوں میں محفوظ رکھنے کے وعدے کے لیے جامعہ انتظامیہ نے یادگاری درختوں کی نگہ داشت کی پوری ذمے داری لی اور انسانی روح کی لچک اور امید کے استعارے کے طور پر ایک سالانہ یادگاری پروگرام بھی منعقد کرنے کی بات کہی۔

دوروزہ سمپوزیم کا مقصد بیداری پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ بائیس اور تیئس اپریل دو ہزار پچیس کو یوم ارض سے متعلق معلومات کا عام کرنا تھا۔ پروگرام کا اصل مقصد طلبہ کو ماحولیات کی موجودہ صورت حال سے آگاہ کرنا اور اسے بہتر کرنے کے سلسلے میں افکار وتصورات پر تبادلہ خیال کرنا بھی تھا۔

دہلی یونیورسٹی اور آئی آئی ٹی، دہلی سمیت جامعہ اور دیگر یونیورسٹیوں کے طلبہ نے سمپوزیم کے حصے کے طور پر متعدد مقابلوں میں حصہ لیا۔

پروفیسر مظہر آصف نے اپنی استقبالیہ تقریر میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کے مہلوکین کو پرخلوص خراج پیش کیا۔اس کے

بعد ڈاکٹر راجیو سنگھ، صدر شعبہ اور پروفیسر منی۔ تھامس، ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مہمانان، فیکلٹی اراکین اور طلبہ کا خیر مقدم کیا۔ پروفیسر سوریہ پرکاش (صدر، جی ایم آر ڈی، این آئی ڈی ایم) نے اس موقع پر گیسٹ لیکچر دیا جس کے بعد جناب راجیند ر رانتو، آئی اے ایس، ایکزیکیٹو ڈائریکٹر، این آئی ڈی ایم نے ماحولیات کے تئیں بیداری سے متعلق ایک بصیرت افروز اور برین اسٹارمنگ تقریر کی۔ جناب وجے کمار سنگھ، آئی سی اے ایس، وائس چیئرمین، دہلی ڈولپمنٹ اتھاریٹی نے حیاتیاتی تنوع پارک اور قدرت کی عطیات کو محفوظ رکھنے کے تئیں دہلی ڈولپمنٹ اتھاریٹی کی خدمات کے حوالے سے گفتگو کی۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے یوم ارض کی اہمیت سے متعلق ترغیباتی تقریر کی اور طلبہ، فیکلٹی اراکین سے کہا کہ وہ آگے بڑھیں اور ماحولیات کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کریں۔

تقسیم انعامات کی تقریب اور شیخ الجامعہ، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دیگر معزز مہمانان کے ہاتھوں شعبہ ماحولیاتی سائنس کے نیوز لیٹر کی رسم رونمائی کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید

چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ